## مانسہرہ میں این جی او کے دفتر پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ اور دھماکے پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

## سماجی وفلاحی اداروں اوران کے ارکان کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے، جناب الطاف حسین

لندن:10/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مانسہرہ کی تحصیل اوگی میں این جی او کے دفتر پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ اور دھماکے کی شدید مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے واقعہ میں دوخواتین سمیت متعدد افراد کی ہلاکت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ دہشت گرداب فلاحی سرگرمیوں میں مصروف این جی اوز اور سماجی اداروں کو بھی دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو فوری گرفتار کیا جائے اور سماجی وفلاحی اداروں اوران کے ارکان کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کا نشانہ بننے والی این جی او کے ارکان سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا اور دہشت گردی کے اس واقعہ میں دوخواتین سمیت متعدد افراد کی ہلاکت پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## پنجاب کے عوام متحدہ میں رکنیت سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔10/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے مظلوم وحق پرست عوام خصوصاً نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ پنجاب میں رکنیت سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط کی نمائندہ جماعت ہے جو جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان ومذہب انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اسی جذبے کے تحت ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں کام کررہی ہے۔

## پنجاب میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم شروع، عوام کا زبردست خیرمقدم عوام کی بڑی تعداد نے کیمپ پہنچ کر درخواست فارم جمع کرائے

## بہت جلد پنجاب بھی الطاف حسین کے جانثاروں کا گڑھ بن کر ابھرے گا، رابطہ کمیٹی

## الطاف حسین نے موجودہ کرپٹ نظام کے خاتمے کیلئے جومشن شروع کیا آج پنجاب بھی اس کا حصہ بن گیا، اراکین قومی اسمبلی

گوجرانوالہ۔۔۔10/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے پنجاب میں رکنیت سازی مہم کا بھرپور آغاز کردیا،اس سلسلے میں ایم کیوایم سینٹرل پنجاب کے چاروں زونل دفاتر میں راولپنڈی،م،گوجرانوالہ، ملتان اورلاہور کے مرکزی آفس میں کیمپس لگائے گئے،کیمپس کا افتتاح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان،افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے کیا اس موقع پر اراکین قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان،عبدالقادر خانزادہ،آصف حسنین اور خواجہ سہیل منصور کے علاوہ زونل انچارجز،جوائنٹ زونل انچارجز وار اکین زونل کمیٹی کے علاوہ ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔پنجاب میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے پہلے روز چاروں زونل دفاتر میں قائم کیمپس پر عوام کا زبردست رش دیکھنے میں آیا اور صبح ہی سے مجموعی طور پر ہزاروں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے درخواست فارم حاصل کرنے کے بعد بھر کر جمع کرائے،ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کو پنجاب کے عوام کی جانب سے زبردست پذیرائی مل رہی ہے اور لوگ جوق درجوق ٹولیوں کی صورت میں کیمپس پہنچ کر رکنیت سازی میں گہری دلچسپی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان،افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اہل پنجاب اب بیدار ہوچکے ہیں وہ اب ان روایتی سیاسی جماعتوں کے چکر میں نہیں آئیں گے۔ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے موقع پر پنجاب کے عوام کے جوش وخروش سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ بہت جلد پنجاب بھی الطاف حسین کے جانثاروں کا گڑھ بن جائے گا اور وہ وقت دور نہیں جب پورے ملک میں حق پرستوں کی حکمرانی ہوگی اور غریب عوام کو انصاف ملے گا اور ملک میں ترقی وخوشحال آئے گی۔انہوں نے رکنیت سازی مہم میں فارم جمع کرانے والے افراد کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد بھی پیش کی۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے بھی میڈیا سے گفتگو کی اور کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے موجودہ کرپٹ نظام کے خاتمے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے نام سے جومشن شروع کیا ہے اس کا مقصد

پنجاب کے عوام کو بھی ان سیاسی اجاراداروں سے نجات دلانی ہے اور غریب ومتوسط طبقے کے لوگوں کو اوپر لے کر آنا ہے۔اس موقع پر ایم کیوایم سینٹرل پنجاب کے انچارج میر عمران، جوائنٹ انچارج اختر سندھو، سینٹرل زونل کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## پاکستان کی معاشی تباہی اور غریب عوام کی محرومی اور بدحالی کی اصل وجہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی نظام سیاست ہے۔مصطفےٰ عزیز آبادی

## قائد تحریک الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا جو نظریہ پیش کیا ہے وہ آج ملک بھر میں تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے

## مڈل کلاس قیادت ہی ملک کو معاشی تباہی اور دیگر مسائل کی دلدل سے نکال سکتی ہے اور محروم عوام کو ان کے حقوق دلاسکتی ہے

## برطانیہ میں آباد پاکستانی ملک کو مشکلات سے نکالنے اور منصفانہ نظام کے قیام کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں۔فیض احمد

## ایم کیوایم یوکے کے زیر اہتمام لندن کے علاقے ساؤتھ آل (Southall) میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

## ساؤتھ آل (Southall) اور ہیز (Hayes) میں آباد پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے ایم کیوایم کی رکنیت اختیار کی

لندن۔۔۔10 مارچ 2010ء

ایم کیوایم یوکے کی جانب سے جاری ممبر سازی اور یوکے میں آباد پاکستانیوں سے رابطہ مہم کے سلسلے میں لندن کے علاقے ساؤتھ آل (Southall) میں اجتماع منعقد کیا گیا جس میں ساؤتھ آل (Southall) اور ہیز (Hayes) میں آباد مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں اور یوکے یونٹ کے کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفےٰ عزیز آبادی نے کہا کہ پاکستان کی معاشی تباہی اور غریب عوام کی محرومی اور بدحالی کی اصل وجہ ملک میں کئی دہائیوں سے رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی نظام سیاست ہے۔ملک میں اقتدار کی میوزیکل چیئر کا کھیل جاری ہے اور 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ کے چند خاندان ہی ہر دور میں مختلف شکلوں سے ملک کے اقتدار پر قابض ہوتے آئے ہیں جبکہ ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اپنے حقوق سے محروم ہیں۔مصطفےٰ عزیز آبادی نے کہا کہ ایم کیوایم نے قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں جدوجہد کرتے ہوئے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو منتخب ایوانوں میں بھیج کر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی بنیادیں ہلاکر رکھ دی ہیں، قائد تحریک الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا جو نظریہ پیش کیا ہے وہ آج ملک بھر میں تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے۔مصطفےٰ عزیز آبادی نے کہا کہ مڈل کلاس قیادت ہی ملک کو معاشی تباہی اور دیگر مسائل کی دلدل سے نکال کر اسے ترقی کی راہ پر گامزن کرسکتی ہے اور محروم عوام کو انکے حقوق دلاسکتی ہے۔مصطفےٰ عزیز آبادی نے کہا کہ ایم کیوایم نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے خطبہ حجتہ الوداع میں دیے گئے پیغام مساوات پر عمل کرتے ہوئے ملک میں ایسا نظام قائم کرنا چاہتی ہے جس میں پاکستان میں آباد تمام شہریوں کے ساتھ رنگ، نسل، زبان، جنس، قومیت، فقہ، مسلک اور مذہب کے امتیاز سے بالاتر ہوکر یکساں سلوک کیا جائے اور سب کو میرٹ کی بنیاد پر مساوی حقوق دیئے جائیں۔اس موقع پر ایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج نازک دور سے گزر رہا ہے اور ایم کیوایم یوکے اپنی اس رابطہ مہم کے ذریعے یوکے میں آباد پاکستانیوں کو حالات سے آگاہ کررہی ہے اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں میں شعور بیدار کررہی ہے۔انہوں نے برطانیہ میں آباد پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ ملک کو مشکلات سے نکالنے اور ملک میں منصفانہ نظام کے قیام کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں اور ایم کیوایم کے ممبر بنکر حق پرستی کے اس قافلے میں شامل ہوجائیں۔اجتماع سے ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان سہیل خانزادہ، عبدالحلیم اور ساؤتھ آل کے یونٹ انچارج محبوب الٰہی نے بھی خطاب کیا اور عوامی رابطہ مہم میں بھرپور شمولیت پر ساؤتھ آل اور ہیز میں آباد پاکستانیوں کا خیر مقدم کیا۔اس موقع پر حاظرین نے ایم کیوایم کے نظریہ اور منشور سے اتفاق کرتے ہوئے بڑی تعداد میں رکنیت سازی فارم حاصل کئے اور ایم کیوایم کی رکنیت اختیار کی۔

## کارکنان وحق پرست عوام ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد منشاء خان کے والد حاجی محمد بشیر کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔10 مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد منشاء خان کے والد حاجی محمد بشیر کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوراللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ حاجی محمد بشیر کوصحت کاملہ عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے کارکنوں اورحق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ محمد منشاء خان کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

## افضاءالطاف کی آٹھویں سالگرہ پرمبارکباد کے پیغامات بھیجنے والوں سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہارتشکر

لندن۔۔۔10 مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ان تمام کارکنوں،ذمہ داروں اور ہمدردوں کا دلی شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاءالطاف کی آٹھویں سالگرہ پرفون،فیکس،ای میل اورکارڈز کے ذریعے مبارکباد کے پیغامات بھیجےاورافضاءالطاف کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت بدھ 11 مارچ کومحفل میلادؐ کا انعقاد کیا جائے گا

کراچی۔۔۔10/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے تحت بدھ 11،مارچ شام 6 بجے لال قلعہ گراؤنڈعزیز آباد میں عظیم الشان محفل میلادؐ کا انعقاد کیا جائے گا جس میں ملک کی معروف ثناء خواں شرکت کریں گے اورسیرت طیبہ پرروشنی ڈالیں گی،بارگاہ رسالتؐ میں گلہائے عقیدت پیش کریں گی۔محفل میلادؐ میں شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ ایم کیوایم کی ہمدردخواتین بھی شرکت کرینگی۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے کنٹریکٹ ڈیلی ویجز ملازمین کے وفد کی ایم کیوایم سے ملاقات کےای ایس سی کے تمام کنٹریکٹ اورڈیلی ویجز ملازمین کوفی الفورمستقل کیا جائے،وسیم قریشی

کراچی۔۔۔10،مارچ2010ء

کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے کنٹریٹ وڈیلی ویجز کے ملازمین کی کثیر تعداد کے وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی واراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران وفد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اورلیبر ڈویژن کے تمام ارکان کو 2 مارچ کو ہونے والے کامیاب لیبر کنونشن کے انعقاد پرمبارکبادی اور جناب الطاف حسین کا محنت کشوں کے حقوق کی جدوجہد کوسراہا۔اس موقع پروفد نے اراکین لیبر ڈویژن کی توجہ ملازمین کے دیرینہ مسئلے کی جانب کراتے ہوئے کہا کہ ملازمین عرصہ دراز سے کنٹریکٹ پرکام کررہے ہیں انتظامیہ سے متعدد درخواستوں اوراپیلوں کے باوجودکوئی سنوائی نہیں ہورہی اورملازمین کومستقل نہیں کیا جارہا ہے جس سے ملازمین میں شدید بے چینی اور مایوسی پھیل رہی ہے اورانہیں اپناروزگار خطرے میں نظر آرہا ہے۔انچارج لیبر ڈویژن وسیم قریشی نے ملازمین کی گذارشات کوغور سے سنااورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے صدر پاکستان آصف علی زرداری،وزیراعظم پاکستانیوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرپانی وبجلی راجہ پرویزاشرف اورکراچی الیکٹرک کمپنی کی انتظامیہ سے پرزوراپیل کی ہے کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے کنٹریکٹ اورڈیلی ویجز ملازمین کوفی الفورمستقل کیا جائے اوراس کے علاوہ گزشتہ انتظامیہ نے ساڑھے تین ہزار سے زائد تعلیم یافتہ ہنرمند محنت کش ملازمین کوبغیر کسی اضافی مراعات کےافسران کے درجے پرترقی دی تھی انہیں بھی مستقل کیا جائے اورانہیں مالی مراعات جاری کی جائیں۔

## متحدہ کی لیگل ایڈ کمیٹی کا سینئر وکیل چوہدری عبدالستار عابد کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار افسوس

کراچی۔۔۔10/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج واراکین نے ایم کیوایم کے ہمدرداور سنئیر وکیل چوہدری عبدالستار عابد کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے عبدالستار عابدسمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆